
# اونٹاریو کے ایجوکیشن ایکیو ئٹی ایکشن پلان (Education Equity Action Plan) کو سمجھنا: والدین کیلئے حقائق نامہ

اس بات کو یقینی بنانا کہ اونٹاریو کے عوامی سرمایہ سے چلنے والے تعلیمی نظام میں انصاف اور ایمانداری (Equity) ایک بنیادی مقصد ہے۔ جیسے کہ مندرجہ ذیل میں متعین ہے۔ سربلندی حاصل کرنا: اونٹاریو میں تعلیم کیلئے ایک تجدید شدہ بصارت (2014ء)۔



یہ ایک بنیادی اصول کا حصہ ہےکہ پس منظر، شناخت یا ذاتی حالات سے قطع نظر، ہر طالبعلم کو ذاتی اور تعلیمی طور پر کامیابی کا موقع ملنا چاہیئے۔

تعلیم کیلئے وزارت کی بصارت کے تمام عوامل میں انصاف اور ایمانداری (Equity) بھی مربوط ہے، سربلندی کے حصول سے لےکر فلاح و بہبودکے فروغ اور تعلیمی نظام پر عوام کے اعتماد میں اضافہ کرنےتک۔ یہ طلباء کے تجربےکا نازک حصہ ہے، اور یہ اونٹاریو کے ہر طالبعلم اور بچےکی کامیابی کیلئے ہمارے عزم کا مرکز ہے۔

## ایجوکیشن ایکیوئٹی ایکشن پلان:

**اونٹاریو کا ایجوکیشن ایکیوئٹی ایکشن پلان** شناخت کیلئے راستہ ہموارکرتا ہے، اور امتیازی سلوک، تعلیمی نظام میں رکاوٹوں اور اسکولوں اور کلاسوں سے تعصب کو ختم کرتا ہے۔ یہ منصوبہ تمام طلباء کی بہتر طور پر مدد کرنے اور ان کی فلاح و بہبودکیلئے وزارت کی مدد کرےگا۔ کچھ کلیدی افعال میں مندرجہ ذیل شامل ہیں: پڑھانے اور ثقافتی موزونیت کیلئے نصاب، ایسے طریقوں کی شناخت کرنا جو متنوع کمیونٹیوں کےپیرینٹ انولومینٹ کمیٹیوں (پی آئی سیز) [Parent Involvement Committees (PICs)] اور اسکول کونسلز میں حصہ لینےکی حوصلہ افزائی کرتے ہوں، اور پڑھانے والے پیشہ ورافرادکو فروغ دینا اور کم تعداد والےگروپوں کیلئے رکاوٹیں دور کرنا، ان تمام کو یقینی بنانا۔

وزارت کی ایکیوئٹی اورمشمولہ تعلیمی حکمت عملی 2009ء میں اضافہ کے ذریعے، یہ تین سالہ منصوبہ، جو 2017ء – 18ء کے تعلیمی سال سے شروع ہوتا ہے، ایکشن پلان پر عمل کیلئے اس میں طلباء، والدین، اساتذہ، پرنسپلز، بورڈکے عملے، ٹرسٹیز، اور کمیونٹی لیڈروں کے ساتھ مل کرکام کرنا شامل ہے۔ اکٹھے مل کر ہم، اونٹاریو کے اسکولوں میں تعلیم حاصل کرنےکے ماحول کو بہتر بنانا جاری رکھ سکتے ہیں جو ہر بچے اور طالبعلم میں ان کے سیکھنےکی پوری صلاحیتوں سے کام لینے، ذاتی طور پر کامیاب بننے، معاشی طور پر بارآور بننے اور مستعدی سےکام کرنے والے شہری بننےکیلئے جوش و جذبہ پیداکرتاہے۔

ایکشن پلان میں دئیے گئے مقاصد کو سمجھنے میں مدد کیلئے، وزارت تعلیم نے **ایجوکیشن ایکیوئٹی سیکریٹریٹ (Education Equity Secretariat)** تشکیل دیا ہے۔ سیکریٹریٹ شگافوں پر پل باندھنے اور اونٹاریو کے طلباء کیلئے نئی پالیسیوں، وسائل اور پروگرام میں انتخابات، اور حقیقی مقاصد کے ذریعے کامیابی کے حصول میں عدم مساوات کو دورکرنے کیلئے کام کرےگا جو تمام طلباء کو مدد دےگا۔

# تجربات

ہمیں بتاتے ہیں کہ جب ہم تھوڑی تعداد والے شفاف کاموں پر توجہ دیتے ہیں، تو ہمیں اپنے مقاصد حاصل کرنے میں زیادہ کامیابی ملتی ہے، اور ہم اپنی تاثیرکا بہتر طور پر مطالعہ کرنےکے قابل ہوتے ہیں۔ اونٹاریوکا ایجوکیشن ایکیوٹی ایکشن پلان مخصوص اعمال کے ساتھ چار جگہوں کو متعین کرتا ہے جو تعلیمی نظام میں متواتر نا انصافی سے نبٹنے میں ہماری مدد کریں گی – یہ تمام طالبعلم کی فلاح و بہبود اورکامیابی کے حصول کے مقصد کیلئے ہوگا۔

## پلان میں عمل کی جگہیں:

- **اسکول اور کلاس کےکمرے میں ضابطہ اعمال** – اس بات کو یقینی بناناکہ اسکول اورکلاس کے کمرے کےضابطہ اعمال تمام طلباء اور عملےکے تنوع کی عکاسی کرتے ہیں اور ان کا جواب فراہم کرتے ہیں، تاکہ تمام طلباء کی ضروریات اور حقائق کی عکاسی کی جائے۔ اس کے حصول کا ایک طریقہ، تعلیمی شراکت داروں، طلباء، والدین اور کمیونٹیوں کےساتھ کام کرنا ہوگا تاکہ کسی قسم کی رکاوٹوں کا مشاہدہ اور انہیں دور کیا جاسکے جو ہمارے نظام میں تشکیل پا چکی ہیں تاکہ اور زیادہ طلباء کام کیلئے، کالج کیلئے، اپرنٹس شپ کیلئے یا یونیورسٹی کیلئے اپنے منتخب کردہ راستوں کے مطابق عمل اور انہیں حاصل کر سکیں۔

- **لیڈرشپ، نظم و ضبط اورہیومن ریسورسزکے ضابطہ اعمال** – اس بات کو یقینی بنانا کہ اونٹاریو کے اسکولوں میں اساتذہ، عملے اور اسکول سسٹم لیڈرزکا تنوع ان کے طلباء میں ان کی بھرتی، ملازمت اور اساتذہ کے فروغ اور اسکول اور سسٹم لیڈرز کے ذریعے تنوع کا عکاس ہے۔ اس کی ایک مثال ان کی سالانہ رپورٹوں کے استعمال کے ذریعے میٹنگ ایکیوٹی کے مقاصد میں اپنی ترقی کی رپورٹ کیلئے ڈائریکٹرز کی ضرورت ہے۔

- **ڈیٹا اکٹھا کرنا، اس کی تکمیل اور رپورٹنگ** – سماجی اعداد و شمارکا ڈیٹا اکٹھا کرنا اور اس کا تجزیہ کرنا اس بات کا زیادہ شفاف فہم و ادراک عطاکرے گاکہ اونٹاریو کے طلباء اور عملہ کون ہیں، جو ہمارے اسکول اور سسٹم لیڈرزکو اس قابل بنائےگا کہ وہ طلباء کی رسائی کی رکاوٹیں زیادہ صحیح طور پر دور کر سکیں۔ ڈیٹا رضاکارانہ طور پر اکٹھا کیا جائےگا جس میں نہ صرف نسل اور عقائد شامل ہوں گے، بلکہ مذہب، جنسی رخ بندی اور جنس بھی شامل ہوگی۔ ایکشن پلان اس بات کو یقینی بنائےگا کہ ڈیٹا اکٹھا کرنےکے عمل کی صف بندی تعلیمی شعبہ بھر میں کی جاتی ہے اور وہ اسکول بورڈ کے تجزیہ میں مدد فراہم کرتا ہے۔ ڈیٹا کو مقامی فیصلےکرنے میں استعمال کیا جائے گا۔

- **تعلیمی ثقافت کی تبدیلی** – اس بات کو یقینی بنانا کہ سسٹم لیڈرز، اساتذہ، عملہ اور طلباء ایسی ماحولیات کو تشکیل دینے اور اسے قائم رکھنےکیلئے پرعزم رہتے ہیں جو منصفانہ اور مشمولہ تعلیمی نظام میں مدد دے۔ اس بات کو یقینی بنانا ضروری شرط ہےکہ اونٹاریو کے تمام طلباء محسوس کریں کہ وہ تعلیمی نظام کا حصہ ہیں، ان کا احترام کیا جاتا ہے اور وہ کامیاب ہونےکے قابل ہیں۔ اس کام کے ایک حصے کے طور پر ایک جائزہ لینا شامل ہے تاکہ وزارت تعلیم کے ڈھانچوں، پالیسیوں، پروگراموں اور ضابطہ اعمال میں موجودکسی بھی عدم مساوات کی شناخت اور ان کا ازالہ کیا جائے۔

## آگے کا راستہ:

اونٹاریوکے انصاف اور ایمانداری کی طرف جانے والے راستے کو ہزاروں نمایاں اساتذہ، طلباء اور والدین کی شراکت سے سپورٹ کیا جاتا رہے گا۔ جبکہ ہم اکٹھے مل کر عظیم اقدامات اٹھا چکے ہیں، اب واضح طور پر مزید کام کرنا ہے۔

اس بات کو یقینی بنانا کہ طلباء کی کامیابی، طلباء اور عملےکی فلاح و بہبود، اور عوامی سرمایہ سے چلنے والے اسکول کے نظام میں اعتمادکو فروغ دینےکیلئے انصاف اور ایمانداری ایک ضروری بنیاد ہے۔ سربلندی کا حصول *(Achieving Excellence)* ایک پرعزم بصارت ہے جو تعلیمی نظام کو تعلیمی طور پر کامیاب طلباء کو سند فضیلت کیلئے ایک چیلنج دیتی ہے، جو لچک رکھنے والے اور مشغول، ہمدرد، پراعتماد اور اہلیت رکھنے والے شہری ہیں۔

اس بات کے بارے میں مزید معلومات کیلئے کہ وزارت تعلیم عوامی سرمائے سے چلنے والے اسکولوں میں انصاف اور ایمانداری کو کیسے فروغ دے رہی ہے، اس ویب سائٹ پر جائیں:
**ontario.ca/educationequity**

ISBN 978-1-4868-0660-7 (PDF) ISBN 978-1-4868-0652-2 (Print) (Urdu) © Queen's Printer for Ontario, 2017